© rasailojaraid.com



(۱) اس سیریز میں کم سے کم ایک کتاب ہر ماہ شائع ہوگی۔ (۲) ہر کتاب کم از کم ۹۶ صفحوں کی ہوگی۔ (۳) ہر کتاب کی قیمت ۸/ ہوگی۔ (۴) کتابیں ادبی، تنقیدی، نفسیاتی، معاشرتی، معاشیاتی اور سیاسی موضوعات پر ہوں گی (۵) ہر کتاب مختصر، مکمل، مستند اور عام فہم ہوگی۔ زیر تبصرہ کتاب اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ جس میں جدید چین کی دس کہانیاں اردو زبان میں صاف وسلیس اور شستہ ترجمہ کے ساتھ شامل ہیں۔ کہانیوں کے ساتھ جن مصنفین کے حالات مل سکے ہیں وہ بھی ساتھ ساتھ درج کردیئے گئے ہیں۔ جن سے کتاب کی افادی حیثیت بہت بڑھ گئی ہے۔ آخر میں "نیم ویلز" کے قلم سے چین کی ادبی تحریک پر ایک پُر از معلومات مقالہ ہے جو بجائے خود بہت مفید ہے۔ اردو خواں طبقہ چین کی ادبیات اور ان کے کلچرل رجحانات سے بہت کم واقف ہے اس کتاب کے مطالعہ سے ان چیزوں کے معلوم کرنے میں بڑی مدد ملیگی۔

---


# سرمۂ نور

خدا کی نعمتوں میں آنکھیں بڑی عظیم الشان نعمت ہیں۔ اگر چہ جسم کا ہر حصہ درست ہو مگر آنکھیں نہ ہوں تو دنیا کی زندگی کار ت، پس اگر آنکھوں کی قدر ہے تو ان دو سرموں میں سے کوئی سرمہ اپنے حسبِ حال انتخاب کرکے استعمال کیجئے۔

نمبر۱: آنکھوں کے اکثر امراض خصوصاً آنکھوں کی سرخی۔ جالا، پھولا۔ ناخونہ۔ پلکوں کا گرنا خصوصاً پرانے سے پرانے روہے کیلئے اکسیر ہے اس کے استعمال سے بحمد اللہ تعالیٰ جملہ امراض کا ازالہ ہوجاتا ہے جن لوگوں کو کسی قسم کی شکایت نہ ہو وہ بھی اس کا استعمال کرکے اپنی آنکھوں کی حفاظت کریں اسکے استعمال سے انشاءاللہ کسی قسم کا مرض نہ ہوگا۔

(نوٹ) پلکوں کے گرنے کیلئے سرمہ کے ساتھ خارجی ترکیب بھی بتلائی جاتی ہے۔ قیمت فی شیشی عہ

نمبر۲: یہ سرمہ بھی نمبر۱ کی طرح تمام امراضِ چشم میں سوائے روہا اور پلکوں کے گرنے کیلئے مفید ہے۔ خصوصاً موتیا بند کے ابتدائی پانی کو نکال دیتا ہے۔ ملنے کا پتہ

موہنی فارمیسی۔ چاند تارا بلڈنگ۔ بارہ ٹوٹی دہلی




© rasailojaraid.com